A
Bill

*to amend the Khyber Pakhtunkhwa Government Rest Houses and Tourism Properties (Development, Management and Regulation) Act, 2020*

حکومت خیبر پختونخوا نے سرکاری ریسٹ ھاوسز کی بہتر انتظام وانصرام اور نجی شعبے کو لیز پر دینے کے لئے خیبر پختونخوا گورنمنٹ ریسٹ ہاؤسز اینڈ ٹورازم پراپرٹیز (ڈویلپمنٹ، مینجمنٹ اینڈ ریگولیشن) ایکٹ، 2020 کو نافذ کیا گیا ہے۔

اس قانون کے شق نمبر 4 کے تحت ایک ٹیکنیکل کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جس میں صرف کابینہ کے وزراء ممبر بن سکتے ہیں۔ جبکہ مذکورہ کمیٹی کی نامزدگی کا اختیار صوبائی کابینہ کے پاس ہے۔ مزید برآں اس قانون میں یہ پابندی ہے کہ ریسٹ ہاؤسز نجی شعبے کو لیز پر دینے کیلئے ریزرو پرائس متعین نہیں ہوگی لہٰذا اس قانون میں موجود سقم کو دور کرنے کیلئے درجہ ذیل ترمیم کی ضرورت تجویز کی گئی ہے۔

سیکشن 4 کے تحت کابینہ کے ارکان کی بجائے صوبائی وزراء، وزیر اعلی کے مشیر اور خصوصی معاونین اس کمیٹی کے رکن بن سکیں گے۔ وزیر اعلی کمیٹی کے ارکان کے تعین کے لئے با اختیار ہوگا۔ مذکورہ سیکشن کا ذیلی سیکش ۲ بی میں بنیادی نرخ کی تعین پر پابندی ختم کرنے کے لئے یہ پرو۔وزو (شرط) خذف کی جائے گی۔